4616-سامان بیچنے والا بغیر قیمت لیے سفر کر گیا

سوال

میں نے ایک شخص سے کچھ اشیاء خریدیں کہ اس کی قیمت بعد میں ادا کرونگا، اور میں سفر پر چلا گیا، اور جب اپنے سفر سے واپس آیا تو مجھے علم ہوا کہ بیچنے والا شخص بھی سفر پر چلا گیا ہے، اور میرے پاس اس شخص کا ایڈریس بھی نہیں ہے، میں نے اپنا ایڈریس اپنے دوست واحباب کو دیا کہ وہ آئے تو اسے دیں لیکن اس نے آج تک مجھ سے رابطہ نہیں کیا اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟

پسندیدہ جواب

آپ کو چاہیے کہ آپ اس شخص سے جان پہچان رکھنے والوں سے اس کے بارہ میں پوچھیں اور اپنی پوری کوشش کریں کہ اس کا پتہ وغیرہ مل جائے اور مال کی قیمت اس تک پہنچائیں یا خود جا کر اس کا حق ادا کریں اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

(ہر مسلمان کا دوسرے مسلمان پر اس کا خون، اس کا مال، اور اس کی عزت حرام ہے)

-

اور اس میں آپ کے لیے سستی و کاہلی سے کام لینا جائز نہیں، لیکن اگر آپ اسے تلاش کرنے سے عاجز آجائیں اور وہ نہ مل سکے تو آپ اس کے حق کا صدقہ کر دیں لیکن پھر بھی آپ اس کے ضامن ہونگے، اور جب بھی وہ شخص آپ کو ملے آپ اسے اختیار دیں کہ وہ اپنا حق قبول کرلے تو صدقے کا اجر و ثواب آپ کو حاصل ہوگا، یا پھر وہ صدقہ کو قبول کرلے تو صدقہ کا اجر و ثواب اسے ملے گا اسلیے کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے:

{جتنی بھی تم میں طاقت ہو اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرو}.

اور اللہ کے اس قول کے مطابق بھی:

{اللہ تعالی کسی کو بھی اس کی استطاعت کے زیادہ مکلف نہیں کرتا}.

واللہ اعلم.